# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 12 August 2026**

**Time : 07:40/ PM**

## Opening

---

**آداب**

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ یاسین پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

---

**ہیڈلائنز:**

✓ ۱ ۔۔۔۔ وکست بھارت مشن کو کامیاب بنانے میں نوجوانوں کا کردار اہم : وزیر اعظم

✓ ۲ ۔۔۔۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی اپوزیشن کے شور شرابے کے باعث کل تک کیلئے پھر ملتوی

✓ ۳ ۔۔۔۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں ایس کے آئی سی سی سرینگر سے بوٹینکل گارڈن تک ترنگا ریلی کا انعقاد

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔ جموں وکشمیر کو پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے تحت سال **2026.27** کیلئے **9** ارب **80** کروڑ روپے منظور

---

**اب خبروں کی تفصیل**

پی ایم:

وزیر اعظم نریندر مودی نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ سوشل میڈیا اور Reels کے دور میں زندگی میں شارٹ کٹ کلچر سے گریز کریں اور اپنی پسند کی عظیم شخصیات کی سوانح حیات ضرور پڑھیں۔نئی دہلی میں سابق صدر رام ناتھ کووند کی سوانح حیات

"Triumph of the Indian Republic: My Life, My Struggles"

کی تقریبِ اجراء سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ نوجوان ہی 'وکست بھارت' کے مشن کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ رکاوٹوں سے گھبرانے کے بجائے عزم و حوصلے کے ساتھ آگے بڑھیں اور 'خود انحصار بھارت' کیلئے نئے راستے ہموار کریں۔

وزیراعظم نے کہا کہ رام ناتھ کووِند کی سوانح حیات ان کی زندگی، جدوجہد، اقداراورعوامی خدمت سے روشناس کرانے کے ساتھ ملک کی جمہوریت کا ورثہ بھی ہے۔ اس موقعے پر سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند نے کہا کہ سیاست اقتدار نہیں بلکہ قوم کی خدمت کا ذریعہ ہے، جبکہ تعلیم زندگی میں نئے مواقع کے دروازے کھولتی ہے۔ ...Byte.....

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج پھر اپوزیشن کے ہنگامے کے باعث کل تک کیلئے ملتوی کی گئی۔ آج صبح گیارہ بجے جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن ارکان نے نیٹ معاملے پر طلبا کے احتجاج کے دوران مبینہ پولیس کارروائی سمیت مختلف مسائل کولیکر ہنگامہ آرائی کی۔ لوک سبھا سپیکر اوم برلا نے اگرچہ سوالات کا وقفہ شروع کرنے کی کوشش کی، تاہم اپوزیشن ارکان نے شورشرابہ جاری رکھا جس کے بعد ایوان کی کارروائی کو دو بجے تک ملتوی کیا گیا۔ دوپہر دو بجے جب ایوان کی کارروائی پھر سے شروع ہوئی تو حزب اختلاف کے ممبران نے شورشرابہ جاری رکھا جس کے بعد کاروائی کو پہلے تین بجے اور پھر کل صبح 11 بجے تک کیلئے ملتوی کیا گیا۔

ادھر راجیہ سبھا میں مختلف وزارتوں اور پارلیمانی قائمہ کمیٹیوں کی رپورٹس کو ایوان میں پیش کیا گیا۔ ایوان کے چیئرمین سی پی رادھا کرشنن نے سبھی ارکان کو ایک دوسرے کے جذبات اور علاقائی شناخت کا احترام کرنے کی تلقین کی۔ اس دوران اپوزیشن سے وابستہ ممبران نے ایوان میں شوروغل اور نعرے بازی کی جس کے بعد کارروائی کو پہلے دوپہر دو بجے اور بعد میں کل صبح گیارہ بجے تک ملتوی کیا گیا۔

ترمیمی بل:

لوک سبھا نے آج فارن کنٹریبیوشن ریگولیشن ترمیمی بل 2026 کو مزید غوروخوض کیلئے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے سپرد کر دیا۔ وزیر مملکت برائے داخلہ نتیانند رائے نے بل کو جے پی سی کے حوالے کرنے کی تجویز پیش کی۔ کمیٹی میں لوک سبھا کے 21 اور راجیہ سبھا کے 10 ارکان شامل ہوں گے۔ بل کا مقصد غیرملکی عطیات کے استعمال میں شفافیت اور جوابدہی بڑھانا ہے۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت طلباء کے مسئلے سمیت ہر معاملے پر پارلیمنٹ میں بحث اور ارکان کے سوالات کے جواب دینے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ پارلیمنٹ کے احاطے میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے امت شاہ

نے کہا کہ حکومت کے پاس چھپانے کے لیے کچھ نہیں۔
انہوں نے کہا کہ وہ تمام ارکان کی بات سنیں گے اور کل بحث کا جواب دینے کیلئے بھی تیار ہیں۔ انہوں نے اپوزیشن پر ایوان کی کارروائی میں رکاوٹ ڈالنے کاالزام عاید کیا۔

ایل مرگن

وزیرمملکت برائے اطلاعات ونشریات ڈاکٹر ایل مرگن نے کہا ہے کہ حکومت میڈیا شعبے کو فروغ دینے کے ساتھ عالمی سطح پر نشریاتی تعاون مضبوط کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے جعلی خبروں کی روک تھام کے لیے پریس انفارمیشن بیورو میں فیکٹ چیک یونٹ قائم کیا ہے، جو سرکاری دعوؤں کی تصدیق کر کے مستند معلومات عام کرتا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اُن معلومات کو دوردرشن اور آکاشوانی اپنے خبرناموں میں مزید تصدیق کے ساتھ نشر کرتے ہیں۔ وزیر مملکت نے لوک سبھا میں ڈاکٹر الوک کمار کے سوال کے جواب میں یہ جانکاری دی۔

راہل گاندھی

لوک سبھا میں حزبِ اختلاف لیڈر راہل گاندھی نے کہا ہے کہ اپوزیشن، نیٹ احتجاج کرنے والے طلباء کے خلاف مبینہ پولیس کارروائی پر حکومت سے جوابدہی کا مطالبہ کر رہی ہے۔
پارلیمنٹ کے احاطے میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے راہل گاندھی نے کہا کہ اپوزیشن کو وزیر داخلہ کے کسی بیان میں دلچسپی نہیں، بلکہ وہ اس معاملے میں حکومت سے جوابدہی چاہتی ہے۔

ایل جی

پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی ہر گھر ترنگا مہم شدومد سے جاری ہے۔

------Music---------

اس پہل کے تحت آج صبح سرینگر میں جھیل ڈل کے کنارے بلیوارڈ پر ایک بڑی ترنگا ریلی نکالی گئی۔
**SKICC** سے نکالی گئی اس ریلی کی قیادت لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کی۔اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ ترنگا ریلیاں ہماری قوت، سالمیت اور حب الوطنی کے جذبے کی عکاسی کرتی ہیں۔

-----LG Byte-----

ریلی میں ہزاروں کی تعداد میں سکولی بچوں، سرکاری ملازمین، سیکورٹی اہلکاروں اور سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔

ترنگا ریلی

جموں وکشمیر میں آج ''ہر گھر ترنگا'' مہم کے تحت مختلف اضلاع میں ترنگا ریلیوں کا انعقاد کیا گیا، جن میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ سری نگر، اننت ناگ اور بانڈی پورہ میں نکالی گئی ریلیوں میں طلباء، مقامی باشندوں، عوامی نمائندوں، پولیس اہلکاروں اور سرکاری افسران نے شرکت کی۔ اننت ناگ میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بڑی ترنگا ریلی نکالی گئی، جس میں ہزاروں لوگوں نے قومی پرچم ہاتھ میں لئے شرکت کی۔ بانڈی پورہ میں منی سیکریٹریٹ سے اسپورٹس اسٹیڈیم تک ترنگا ریلی کا اہتمام کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں طلباء اور مقامی باشندے شریک ہوئے۔ ریلی میں عوامی نمائندوں، جموں وکشمیر پولیس اور سی آر پی ایف اہلکاروں نے بھی حصہ لیا۔ یہ سرگرمیاں یومِ آزادی کی تقریبات میں عوامی شرکت بڑھانے اور قومی یکجہتی کے جذبے کو فروغ دینے کے لیے منعقد کی گئیں۔

آکاشوانی ریلی

اس بیچ آکاشوانی سرینگر اور دوردرشن کیندر سرینگر میں بھی ایک ترنگا ریلی کا اہتمام کیا گیا جس کی سربراہی ان اسٹیشنوں کے سربراہاں گربندر سنگھ اور ایچ پی مینا نے کی۔ اس ریلی میں آکاشوانی سرینگر اور دوردرشن کیندر سرینگر سے وابستہ عملے نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی۔

•••••••••••••••••••••••••••••••

ترنگا آرکائیوز

ہر گھر ترنگا مہم کے تحت جموں وکشمیر محکمہ آرکائیوز، آثارِ قدیمہ اور عجائب گھر کی جانب سے ترنگے کی تاریخ اور ارتقا پر خصوصی نمائش کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ یہ نمائش آج شروع ہوئی جو 15 اگست تک جموں کے ڈوگرا آرٹ میوزیم اور سری نگر کے اولڈ سیکریٹیٹ میں واقع آرٹ گیلری سمیت مختلف مقامات پر جاری رہے گی۔

نمائش میں قومی پرچم کے سفر، اشوک چکر کو اپنانے اور تاریخی لمحات سے متعلق نایاب تصاویر اور دستاویزات پیش کی جائیں گی۔ نمائش میں داخلہ سب کیلئے مفت ہے اور عوام سے شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ

www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پر سار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

آواس یوجنا

جموں وکشمیر کو پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے تحت مناسب مالی امداد فراہم کی گئی ہے۔لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں دیہی ترقی کے وزیر مملکت کملیش پاسوان نے بتایا کہ مرکز نے اس یوجنا کے تحت سال **2026-27** کیلئے یوٹی کے حق میں **9** ارب **80** کروڑ روپے منظور کیئے ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ **6** اگست **2026** کے اعداد وشمار کے مطابق **2** ارب **14** کروڑ ایک لاکھ روپے کی رقم واگذار کی گئی ہے جس میں سے اسی تاریخ تک **2** ارب **37** کروڑ **79** لاکھ روپے خرچ کیئے جا چکے ہیں۔

**JK** اسمبلی**:** ••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے اگلے ماہ کی **21** تاریخ کو جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس طلب کیا ہے۔سیکریٹری جموں کشمیر لیجسلیٹو اسمبلی کی طرف سے جاری پریس بیان کے مطابق ایل جی نے جموں کشمیر ری آرگنائزیشن ایکٹ **2019** کی دفعہ **18(1)** کے تحت اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ اجلاس طلب کیا ہے جو **21** ستمبر سوموار صبح دس بجے سے شروع ہوگا۔اس بیچ اسمبلی کے تمام ارکان سے کہا گیا ہے کہ وہ اس سیشن میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

ایل جی ملاقات

بین الاقوامی پیرا ایتھلیٹ ایس چندیپ سنگھ نے آج لوک بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ایل جی نے چندیپ سنگھ کو جموں سے کنیا کماری اور کنیا کماری سے واپس جموں تک کسی جسمانی طور خاص شخص کی جانب سے **7** ہزار **452** کلو میٹر کا ریکارڈ سفر کرنے پر انہیں مبارکباد پیش کی۔

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے 19 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ کینسر کو ''قابلِ اطلاع مرض'' قرار دینے پر غور کریں، تا کہ مرض کی جلد تشخیص اور مریضوں کو مناسب علاج فراہم کیا جاسکے۔

چیف جسٹس آف انڈیا، جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی میں بنچ نے کل یہ ہدایت جاری کی۔

سکینہ ایتو

وزیر صحت وطبی تعلیم سکینہ ایتو نے آج جموں کے SMGS اسپتال شالیمار اور چیسٹ Diseases اسپتال بخشی نگر کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ایس ایم جی ایس اسپتال میں 8 کروڑ 30 لاکھ روپے کی لاگت سے نصب 160 ملٹی سلائس سی ٹی اسکین مشین کا افتتاح کیا۔

وزیر موصوفہ نے کہا کہ اس سہولت سے عوام، خصوصاً غریب مریضوں کو فائدہ ہوگا اور ریفرل سسٹم میں کمی آئے گی۔

کشمیری پنڈت

حکومت کی جانب سے آبادیاتی تبدیلیوں کا جائزہ لینے کے لیے قائم اعلیٰ سطحی پینل نے گزشتہ روز جموں کے مضافات میں واقع جگتی ٹاؤن شپ کا دورہ کیا، جہاں پینل نے کشمیری پنڈتوں کے مسائل سنے۔ وفد نے نروال میں روہنگیا آبادی کا بھی معائنہ کیا اور گورکھا برادری سمیت پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر سے آئے پناہ گزینوں کے نمائندوں سے ملاقات کی۔

موسم:

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **30.7** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **20.9** گری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **35.4** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25.5** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **51** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **20** نٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔